# مشتری ہوشیار باش

## منان سٹی ہاؤسنگ سکیم

موضع چہان نزد رابعہ ریزیڈنسی مین چکری روڈ تحصیل وضلع راولپنڈی

## غیر قانونی رہائشی ہاؤسنگ سکیم ہے

عوام الناس کے قیمتی مفاد کے تحفظ کے لیے معزز شہریوں، متوقع خریداروں /مالکان، پرنٹ اور میڈیا کے اداروں اور ضلع راولپنڈی کی حدود میں واقع تمام پرائیویٹ رہائشی سکیموں /فارم ہاؤسنگ سکیموں اور لینڈ سب ڈویژنز کے سپانسرز /ڈویلپرز کو اس اشتہار کے ذریعے اطلاع دی جاتی ہے کہ سپانسر /ڈویلپرز نے راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی سے منظوری حاصل کیے بغیر **"منان سٹی"** کے نام سے ایک رہائشی سکیم شروع کر لی ہے اس لئے یہ سکیم **غیر قانونی** ہے۔

اس سکیم کے سپانسرز /ڈویلپرز آر ڈی اے سے منظوری حاصل کیے بغیر غیر قانونی طور پر اپنی رہائشی سکیم کی اشتہار بازی اور یہاں پلاٹوں کی خرید وفروخت کی پیشکش کر رہے ہیں (منان سٹی) موضع چہان راولپنڈی کے سپانسران اشتہارات کے ذریعے عوام الناس کو پلاٹ خریدنے کی ترغیب دے رہے ہیں اور ان کی جمع پونجی ہتھیا رہے ہیں۔ آر ڈی اے نے ان کے خلاف قانونی کاروائی شروع کر دی ہے۔

اس اشتہار کے ذریعے غیر قانونی رہائشی سکیم (منان سٹی) موضع چہان راولپنڈی میں پلاٹوں کے متوقع خریداروں اور عوام الناس کو ہدایت دی جاتی ہے کہ آر ڈی اے کی طرف سے اس رہائشی سکیم کی منظوری دیے جانے تک یہاں پلاٹ /جائیداد مت خریدیں۔

مزید براں خریداروں کو یہ بھی ہدایت کی جاتی ہے کہ کسی بھی پرائیویٹ رہائشی سکیم میں قیمتی سرمایہ لگانے سے پہلے اس رہائشی سکیم /لینڈ سب ڈویژن اور پلاٹوں کی قانونی حیثیت کے بارے میں راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی سے معلومات حاصل کریں ورنہ نقصان کی صورت میں آر ڈی اے ذمہ دار نہ ہوگا۔

RDA


ڈائریکٹر میٹروپولیٹن اینڈ ٹریفک انجینئرنگ

راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی لیاقت باغ مری روڈ راولپنڈی

فون نمبر 051-5553840,5554043